سوال

(246) سگریٹ پینے دوبارہ وضو کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضوء کرکے سگریٹ پینے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الاعتصام جلد :۵۴، شمارہ :۳۵ مؤرخہ ۲۷جمادی الثانیہ ص :۱۲ ۱۲۳۳ اکالم نمبر ا، میں حافظ ثناء اللہ صاحب مدنی لکھتے ہیں : ''میرے خیال میں الکحل والی دوائی کے استعمال کے بعد دوبارہ وضوء کرنا چاہیے کیونکہ مستی اور بے ہوشی ناقص وضوء ہے خواہ کسی نشہ آور چیز سے ہو یا نیند سے ہو یا مرض سے بے ہوشی ہونے پر وضو ٹوٹ جائے گا ان اشیاء کے ناقض وضوء ہونے پر علما کا اتفاق ہے۔ (شرح مسلم نووی :۴ ۴۷) علامہ شوکانی نے ان اشیاء کو نیند پر قیاس کیا ہے۔ (السیل الجرار :۱ ۹۶) معلوم ہے کہ حقہ، سگریٹ، تمباکو اور نسوار وغیرہ بھی مسکرات میں شامل ہیں تو ان کا حکم بھی الکحل والا ہے یاد رہے تمام مسکرات حرام ہیں۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02

محدث فتویٰ